# یونیورسٹی آف کوٹلی آزاد جموں وکشمیر

## دفتر تعلقاتِ عامہ

تاریخ: 22 اکتوبر 2025ء

## پریس ریلیز

**یونیورسٹی آف کوٹلی میں ایم فل، ایم ایس اور پی ایچ ڈی پروگرامز کے لیے دوسرا یوگیٹ (UGAT) 25 اکتوبر کو ہوگا۔**

کوٹلی ( ) یونیورسٹی آف کوٹلی آزاد جموں وکشمیر میں ایم فل، ایم ایس اور پی ایچ ڈی پروگرامز میں داخلے کے خواہشمند وہ طلبہ وطالبات جنہوں نے ابھی تک آن لائن درخواست جمع نہیں کرائی وہ 25 اکتوبر 2025ء بروز ہفتہ صبح 9 بجے ڈائریکٹوریٹ آف اسٹوڈنٹس افیئرز کے دفتر میں آکر اپنی درخواستیں جمع کرواسکتے ہیں۔ درخواست جمع کروانے کے بعد امیدوار صبح 10 بجے منعقد ہونے والے یوگیٹ (UGAT) میں شرکت کر سکیں گے۔

جن طلبہ وطالبات نے پہلے یوگیٹ دیا تھا انہیں دوبارہ فیس جمع کرانے کی ضرورت نہیں ہوگی اور وہ بغیر کسی اضافی فیس کے داخلہ ٹیسٹ میں شریک ہوسکتے ہیں۔ تمام امیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ مقررہ وقت پر اپنی حاضری یقینی بنائیں۔